سوال

(108) دومنزلہ مسجد جس کی اوپر کی منزل مردوں اونیچے کی منزل عورتوں کے لئے ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہماری مسجد دومنزلہ ہے جس کی اوپر کی منزل مردوں کے لئے اونیچے کی منزل عورتوں کے لئے مخصوص ہے،اس منزل میں عورتیں مردوں کے ساتھ باجماعت نمازادا کرتی ہیں۔ لیکن عورتیں امام کو یا مردوں کی صفوں کو نہیں دیکھ سکتیں، بلکہ وہ صرف مائیکروفون کے ذریعہ تکبیر کی آوازسن کر امام کی اقتداء کرتی ہیں۔ اس حالت میں ان کی نماز کے بارے میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکورہ بالاحالت میں سب کی نماز صحیح ہے کیونکہ مرداور عورتیں سب مسجد میں ہیں اورلاوڈ سپیکر کے ذریعہ امام کی آوازسن کراس کی اقتداء ممکن ہے۔اس مسئلہ میں علماء کا صحیح قول یہی ہے۔اس مسئلہ میں البتہ یہ اختلاف اہمیت کا حامل ہے کہ جب بعض مقتدی مسجد سے باہر ہوں اوروہ امام یا بعض مقتدیوں کو بھی نہ دیکھ سکتے ہوں تو کیا ان کی نماز صحیح ہوگی یا نہیں۔۔۔۔ ((واللہ ولی التوفیق))

[فتاویٰ ابن باز]